© rasailojaraid.com



کا شکار ہو کر رہ گئے۔ اور پڑھے لکھے مسلمانوں کا آئینۂ دل غبار آلود و مکدر ہو گیا" (ص ۱۱)

حضرت بخاری مرحوم نے دلائل و براہین کی قوت سے تاریخ میں اُڑائی گئی اسی گرد کو صاف کیا ہے اور سبائی پروپیگنڈہ کو خس و خاشاک کی طرح بہا کر قعر مذلت میں پھینک دیا ہے۔

بخاری صاحب مرحوم کا اسلوب نگارش نہایت سادہ، دل نشیں اور ادبی شہ پارہ ہے۔ جا بجا موقع کی مناسبت سے خوبصورت اشعار نگینے کی طرح جڑے ہوئے ہیں جس سے مرحوم کے بلند شعری ذوق اور حسن انتخاب کا بھی پتہ چلتا ہے۔ یہ کتاب اہل سنت والجماعت کے ہر فرد کی ضرورت ہے۔ خصوصاً مدح و دفاع صحابہ کے مشن کے لئے تحریکی کام کرنے والے ہر عالم، خطیب، کارکن، اور دینی مدارس کے طلباء کے لئے اس مطالعہ از بس ضروری ہے۔ گویا یہ ایک ایسا علمی و تحقیقی ہتھیار ہے جو اس محاذ پر داد شجاعت دینے والے ہر سپاہی کا زیور ہے۔

نام کتاب: المرأة المسلمہ

مؤلف: حافظ ارشاد احمد دیوبندی

ضخامت: ۲۵۶ صفحات۔ قیمت: ۱۲۵/

ناشر: مکتبہ الخلیل، چنوموم، تحصیل و ضلع سیالکوٹ

اسلام ہی وہ واحد دین ہے جس نے عورت کو جو مقام و شرف اور منصب عطاء فرمایا ہے وہ دنیا کے کسی مذہب اور نظام میں نہیں ہے۔ یہ المیہ ہے کہ آج کی مسلمان عورتوں کی اکثریت مغربی تہذیب و ثقافت کی اسیر ہو کر اپنا مقام و مرتبہ کھو چکی ہیں۔ حتیٰ کہ بعض مسلمان ملکوں خصوصاً پاکستان میں "حقوق نسواں" اور "آزادیٔ نسواں" کے عنوان سے باقاعدہ تحریکیں جاری ہیں جن کی پشت پناہی اور مالی امداد یہود و نصاریٰ کی سکہ بند تنظیمیں اور ادارے کر رہے ہیں۔ این جی اوز کا کردار اس سلسلے میں خصوصی اہمیت کا حامل ہے۔

محترم حافظ ارشاد احمد دیوبندی اور محترم مولانا خلیل الرحمن راشدی نے اس سلگتے ہوئے اہم موضوع پر قرآن و حدیث اور اجماعِ امت کی روشنی میں یہ کتاب تالیف کی ہے۔ اس کے چودہ ابواب ہیں۔ جن میں عورت کے نجی کردار سے لیکر اجتماعی کردار تک کے موضوعات پر بھرپور گفتگو کی گئی ہے۔ ماں، بہن، بیٹی، بیوی ان چاروں مقدس رشتوں کے حقوق و فرائض اور خواتین کے مسائل کا دینی حل اس کتاب میں پیش کیا گیا ہے۔ ایک مفید اور اصلاحی کاوش ہے اور اس میں خواتین کی تعلیم و تربیت اور تعمیر کردار کا بہترین مواد موجود ہے۔ کتاب درج ذیل پتوں میں سے کسی ایک پر خط لکھ کر منگوائی جا سکتی ہے۔

(۱) مکتبہ الخلیل، بمقام چنوں موم، تحصیل و ضلع سیالکوٹ

(۲) حافظ ارشاد احمد دیوبندی۔ افضل حق لائبریری۔ ظاہر پیر، ضلع رحیم یار خان

© rasailojaraid.com